مجھے بھرے دل سے اس کا احساس ہے کیونکہ ان کا شمار ان چند مبلغوں میں تھا جو نہ صرف مسلمانوں پہ بلکہ مغربیوں پر بھی اسلام کی حقانیت کا نقش بٹھا سکتے ہیں۔ ان کی اپنے نظریات وعقائد سے وابستگی اگرچہ کچھ کم نہ تھی لیکن موصوف نے اسے ان پر ٹھونسنے کی کوشش نہیں کی جو ان کے ہم خیال نہ تھے۔

ڈاکٹر ہرسٹ اینڈرسن

ایک عظیم شخصیت

ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم جب ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں تھے تو انہوں نے بڑی بے تکلفی کے ساتھ امریکی باشندوں پر یہ حقیقت واضح کی کہ دونوں اسلامی اور مغربی تہذیبوں میں محاسن بھی ہیں اور نقائص بھی۔ مناسب یہ ہو گا کہ ہم مفاہمت کی راہیں استوار کریں۔ قیامِ امن اور صلح و آشتی کی فضا پیدا کرنے کی خاطر ہمیں چاہیئے کہ ہم ایک دوسرے سے سبق لیں لیکن یہ اسی صورت میں ممکن ہے جب کہ نسلِ انسانی کے تمام افراد کی سالمیت اور مساوات کا ہمیں پورا پورا احساس ہو۔

ایک عظیم شخصیت کا یہ ایک عظیم پیغام تھا اور ہم اہلِ مغرب (میں پوری قوم کی نمائندگی کر رہا ہوں) کو کم سے کم یہ شرف تو ضرور حاصل ہے کہ ہم کو اس بیدار مغز ترجمانِ اسلام کی رفاقت و مودت کا اعزاز حاصل ہوا ہے۔